رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 323-II) انٹرمیڈیٹ پارٹ-I، کلاس 11th پرچہ : I

وقت: 20 منٹ حصہ معروضی Code: 6024 مارکس : 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - وہ الفاظ جو وزن اور صوت کے لحاظ سے ہم آہنگ ہوں، کہلاتے ہیں
(A) قوانی (B) ردیف (C) مرکب الفاظ (D) مستقل الفاظ

2 - "صبرِ ایوب" مثال ہے
(A) تشبیہ کی (B) استعارہ کی (C) تلمیح کی (D) علمِ بیان کی

3 - "اداتِ تشبیہ" کا دوسرا نام ہے
(A) وجہِ تشبیہ (B) غرضِ تشبیہ (C) طرفینِ تشبیہ (D) حرفِ تشبیہ

4 - مرغی کا صحیح مقام ہے
(A) کھیت (B) ڈربہ (C) صحن (D) پیٹ اور پلیٹ

5 - نوجوان اپنی تراش خراش سے معلوم ہوتا تھا
(A) خوش حال (B) خوش باش (C) پڑھا لکھا (D) فیشن ایبل

6 - عارف نے آج کا اخبار نہیں ______ ۔
(A) پڑھا (B) پڑھی (C) پڑھیں (D) پڑھے

7 - یہ کس ______ میز ہے؟
(A) کی (B) کا (C) کیں (D) کے

8 - پچاس روپے ______ لونگ لے آؤ۔
(A) کے (B) کا (C) کی (D) کیں

9 - ردیف سے پہلے آتا ہے
(A) قافیہ (B) مطلع (C) مقطع (D) تخلص

10 - "ہستی اپنی حباب کی سی ہے ...... یہ نمائش سراب کی سی ہے" اس شعر میں قافیہ ہیں
(A) ہستی (B) نمائش (C) کی سی ہے (D) حباب، سراب

11 - غزل کے اشعار میں ایک جیسے بار بار آنے والے الفاظ کہلاتے ہیں
(A) قافیہ (B) ردیف (C) استعارہ (D) تشبیہ

12 - مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں
(A) مختلف (B) برابر الفاظ (C) بے معنی (D) ہم قافیہ

13 - بھنگی نے کمرے میں جھاڑو نہیں ______ ۔
(A) دیا (B) دی (C) دیئے (D) دیں

14 - غلّے ______ افراط، خوشی کا باعث ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

15 - ابوالقاسم زہراوی کے آباؤ اجداد رہنے والے تھے
(A) شام کے (B) عراق کے (C) مصر کے (D) اُندلس کے

16 - استعارہ کی بنیاد رکھی جاتی ہے
(A) حقیقت پر (B) مجاز پر (C) علامت پر (D) اشارے پر

17 - جو لفظ اُدھار لیا جائے، کہلاتا ہے
(A) مستعارلہٗ (B) مستعار منہ (C) وجہِ جامع (D) وجہِ شبہ

18 - تشبیہ کی نشان دہی کیجئے :
(A) میرا چاند (B) گریۂ یعقوب (C) سرو سا قد (D) دراز قد

19 - بیگم وجیہہ ہاشمی رہنے والی تھیں
(A) لاہور کی (B) اسلام آباد کی (C) کشمیر کی (D) کراچی کی

20 - ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیلِ روحانی کے لیے ضروری ہے
(A) سنتِ نبوی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم (B) اسوۂ صحابہؓ (C) اسوۂ اسلاف (D) اسوۂ انبیاءؑ